## 12 مئی کے ساتھ 19 جون 1992ء کے فوجی آپریشن کی بھی اعلیٰ سطحی تحقیقات کروائی جائے، طارق جاوید

لندن۔۔30، مارچ 2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے سینئر ڈپٹی کنوینر طارق جاوید نے مسلم لیگ (ن) کے جاوید ہاشمی کی جانب سے سانحہ 12 مئی کے واقعہ کی تحقیقات کے حوالے سے بیان پر تبصرہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ سانحہ 12 مئی کے ساتھ ساتھ 19، جون 1992ء میں نوازشریف کے دورحکومت میں ایم کیوایم کے خلاف کئے گئے فوجی آپریشن کی بھی تحقیقات کرائی جائے۔ایک بیان میں انہوں نے کہا ہے کہ نوازشریف نے 1992ء میں قوم سے جھوٹ بولتے ہوئے کہا تھا کہ فوجی آپریشن ڈاکوؤں، اغوابرائے تاوان کی وارداتیں کرنے والوں اورانکی سرپرستی کرنے والے پتھاریداروں کے خلاف کیا جائے گا اس کیلئے نوازشریف نے قومی اسمبلی میں 72 مچھلیوں کی ایک فہرست بھی پیش کی لیکن فوجی آپریشن صرف اورصرف ایم کیوایم کے خلاف کیا گیااورایم کیوایم کے ہزاروں معصوم وبے گناہ کارکنوں کوشہید کردیا گیا۔طارق جاوید نے کہا کہ جاوید ہاشمی قوم کو جواب دیں کہ ان کی جماعت کے سربراہ میاں نوازشریف نے 19، جون 1992ء کوایم کیوایم کے خلاف فوجی آپریشن کس کے اشارے پر کیا تھااور کس گناہ کی پاداش میں ایم کیوایم کے ہزاروں کارکنان کوماورائے عدالت قتل اورسرکاری حراست میں وحشیانہ تشدد کا نشانہ بنا کر معذور بنایا تھا؟انہوں نے مزید کہا کہ جاوید ہاشمی قوم کو یہ بھی بتائیں کہ 27، دسمبر کوسندھ بالخصوص کراچی میں آگ اورخون کی ہولی کھیلنے والے عناصرکون ہیں اور جاوید ہاشمی کو چاہئے کہ وہ 12 مئی کے سانحہ کے ساتھ ساتھ 19، جون 1992ءاور 27، دسمبر 2007ء کے واقعات کی بھی تحقیقات کا مطالبہ کریں۔طارق جاوید نے وزیراعظم مخدوم یوسف رضا گیلانی سمیت تمام ارباب اختیار سے مطالبہ کیا کہ 12 مئی سمیت 19 جون 1992ءاور 27، دسمبر 2007ء کے واقعات کی بھی اعلیٰ سطحی غیر جانبدارانہ تحقیقات کرائی جائے اوران المناک واقعات کے ذمہ دارعناصر کوقوم کے سامنے بےنقاب کیا جائے۔

## متحدہ قومی موومنٹ مذہبی اقلیتوں کے حقوق کیلئے جدوجہد کررہی ہے

## حق پرست اراکین اسمبلی ندیم احسان، ریحان ظفراوراسٹیفن آصف کاایسٹرڈنرکی تقریب سے خطاب

کراچی۔۔۔30، مارچ 2008ء

پاکستان کرسچئن سوشل ویلفیئر آرگنائزیشن اور نیواپاسٹالک چرچ کے زیراہتمام چرچ ہال سراج کالونی ناظم آباد میں ہفتہ کے روز ایسٹرڈنر کی تقریب منعقد کی گئی جس میں حق پرست رکن قومی اسمبلی ندیم احسان، اراکین صوبائی اسمبلی ریحان ظفر، اسٹیفن آصف نے خصوصی شرکت کی اور قائدتحریک جناب الطاف حسین کی جانب سے تقریب کے شرکاء کو ایسٹر کی دلی مبارکباد پیش کی۔اس موقع پرایم کیوایم کی اقلیتی امور کمیٹی کے اراکین بھی موجود تھے۔تقریب سے خطاب کرتے ہوئے حق پرست رکن قومی اسمبلی ندیم احسان نے کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ ملک کی واحد جماعت ہے جو بلاامتیاز رنگ ونسل، زبان، عقیدہ، مسلک اور مذہب عوام کی عملی خدمت کررہی ہے۔انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم نہ صرف مذہبی اقلیتوں کے جائزحقوق کا احترام کرتی ہے بلکہ ان کے حقوق کیلئے عملی جدوجہد بھی کررہی ہے۔قبل ازیں حق پرست اراکین صوبائی اسمبلی اسٹیفن آصف اورریحان ظفر نے تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ دنیا کا ہر مذہب احترام انسانیت کا درس دیتا ہےاورایم کیوایم انسانیت کی عملی خدمت کررہی ہے۔انہوں نے تقریب کے شرکاء کوایسٹر کی دلی مبارکباد بھی پیش کی۔

## ایم کیوایم نارتھ ناظم آباد سیکٹر کے کارکن طاہرعلی خان کوسپردخاک کردیا گیا

کراچی۔۔۔30، مارچ 2008ء

متحدہ قومی موومنٹ نارتھ ناظم آباد سیکٹر یونٹ 143-B کے کارکن طاہرعلی خان کومقامی قبرستان میں سپردخاک کردیا گیا۔مرحوم کی نماز جنازہ مدینہ مسجد کے بی آر میں ادا کی گئی۔مرحوم کی نماز جنازہ اورتدفین میں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان، حق پرست اراکین قومی وصوبائی اسمبلی، ٹاؤن ناظمین، یوسی ناظمین، کونسلرز، ایم کیوایم نارتھ ناظم آباد سیکٹر کمیٹی کے اراکین، یونٹوں کے ذمہ داران، کارکنان، ہمدردوں اورمرحوم کے عزیزواقارب نے شرکت کی۔

## پنجاب کے مختلف شہروں سے تعلق رکھنے والے کئی پاکستانی نژاد برطانوی شہریوں کی متحدہ قومی موومنٹ کے قائد الطاف حسین کی آئیڈیا لوجی سے متاثر ہوکر ایم کیوایم میں شمولیت

## ہم نے پاکستان کی مختلف سیاسی جماعتوں کو آزمایا، متحدہ قومی موومنٹ ہی ملک کے مسائل حل کرسکتی ہے۔ جمال شیخ

## شمولیت اختیار کرنے والوں کا تعلق لاہور، اٹک، راولپنڈی، ملتان، بورے والا، میر پور آزاد کشمیر اور ایبٹ آباد سے ہے

لندن۔۔۔30 مارچ 2008ء

پنجاب کے مختلف شہروں سے تعلق رکھنے والے کئی پاکستانی نژاد برطانوی شہریوں نے متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین کی آئیڈیالوجی سے متاثر ہوکر ایم کیوایم میں شمولیت اختیار کرلی ہے۔ اس بات کا اعلان انہوں نے گزشتہ روز لندن میں ایک پریس کانفرنس سے خطاب ہوئے کیا۔ شمولیت اختیار کرنے والے پاکستانی نژاد برطانوی شہریوں کا تعلق پنجاب کے شہروں لاہور، اٹک، راولپنڈی، ملتان، بورے والا، میر پور آزاد کشمیر اور ایبٹ آباد سے ہے جو برطانیہ میں تجارت کے پیشے سے وابستہ ہیں اور کچھ مختلف شعبوں میں ٹیکنوکریٹ اور پروفیشنلز ہیں۔ پریس کانفرنس کے موقع پر ایم کیوایم یوکے کے آرگنائزر ڈاکٹر سلیم دانش اور جوائنٹ آرگنائزر رفیض احمد بھی موجود تھے۔ پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے مقامی تاجر جمال شیخ نے کہا کہ ہم نے پاکستان کی مختلف سیاسی جماعتوں کو آزمایا، چونکہ ہر سیاسی جماعت جاگیرداروں پر مشتمل ہے لہٰذا وہ صرف اور صرف جاگیرداروں اور مراعات یافتہ طبقہ کے مفادات ہی کو تحفظ فراہم کرتی ہے۔ تمام جماعتوں کو آزمانے کے بعد ہم نے متحدہ قومی موومنٹ کے منشور اور قائد تحریک جناب الطاف حسین کے فکر وفلسفہ کو اسٹڈی کیا، اسکی لیڈر شپ اور نمائندوں کے عمل وکردار کا جائزہ لیا۔ تمام چیزوں کو دیکھنے اور پرکھنے کے بعد ہم اس نتیجے پر پہنچے ہیں کہ متحدہ قومی موومنٹ ہی ملک کی وہ واحد جماعت ہے جس نے مڈل کلاس سے جنم لیا، جسکی قیادت مڈل کلاس ہے اور جو جاگیرداروں اور وڈیروں کی نہیں بلکہ غریب ومتوسط طبقہ کی نمائندگی کرتی ہے، جو حقیقتاً ایک لبرل اور ڈیموکریٹک جماعت ہے، جو دہشت گردی اور مذہبی انتہاء پسندی کے بجائے مذہبی رواداری پر یقین رکھتی ہے، جس میں تمام مذاہب اور تمام فقہوں کے ماننے والے شامل ہیں، جو خواتین کو زندگی کے تمام شعبوں میں مساوی حقوق اور برابر کا مقام دلانا چاہتی ہے، جو ملک کے فرسودہ جاگیردارانہ نظام کے خاتمہ کیلئے عملی جدوجہد کررہی ہے اور ہم سمجھتے ہیں کہ متحدہ قومی موومنٹ ہی ملک کے مسائل حل کرسکتی ہے لہٰذا ہم تمام لوگ آج متحدہ قومی موومنٹ میں باقاعدہ شامل ہونے کا اعلان کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستانی ہونے کی حیثیت سے ہم پاکستان کے حالات اور وہاں ہونے والی سیاسی تبدیلیوں سے خود کو لاتعلق نہیں رکھ سکتے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کو آزادی حاصل کئے 60 برس گزر چکے ہیں لیکن ملک کے غریب عوام کو آزادی نہیں مل سکی اور وہ آج بھی جاگیرداروں، وڈیروں، سرداروں اور خانوں کے غلام بنے ہوئے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ملک آج بھی جاگیرداروں اور وڈیروں کے چند خاندانوں کے شکنجے میں جکڑا ہوا ہے، موروثی سیاست ہورہی ہے، اقتدار کے ایوانوں میں چہرے تو بدل رہے ہیں لیکن ملک کا فرسودہ نظام نہیں بدل رہا ہے جسکی وجہ سے ملک کے غریب ومتوسط طبقہ کے عوام کی حالت بد سے بدتر ہورہی ہے اور آج پاکستان طرح طرح کے سنگین مسائل سے دوچار ہے۔ جمال شیخ نے کہا کہ ہم متحدہ قومی موومنٹ کے کارکن کی حیثیت سے قائد تحریک الطاف حسین کے قافلے میں شامل ہیں اور ہم تحریک کے منشور اور آئیڈیالوجی کو برطانیہ بھر میں مقیم پاکستانیوں میں پھیلانے کیلئے اپنی صلاحیتوں کو بروئے کار لائیں گے اور پاکستان کے مسائل کے حل اور ملک سے فرسودہ جاگیردارانہ نظام کے خاتمہ کیلئے قائد تحریک الطاف حسین کے ہاتھ مضبوط کریں گے۔ اس موقع پر ایم کیوایم یوکے کے آرگنائزر ڈاکٹر سلیم دانش نے برطانوی شہریوں کی ایم کیوایم کی شمولیت کا خیر مقدم کرتے ہوئے کہا کہ مخالف قوتوں کی سازشوں کے باوجود ایم کیوایم کا پیغام پھیل رہا ہے اور جس دن ملک میں ایم کیوایم کو اقتدار ملا اسکے ثمرات عوام تک پہنچیں گے اور ملک میں ہر سطح پر تبدیلی نظر آئے گی۔ ایم کیوایم میں شمولیت اختیار کرنے والوں میں جمال شیخ کے علاوہ عابد علی (کینٹ)، ساجد علی (ہونسلو)، محمد حنیف (ہیز)، جلیل مغل (ہارلو)، نثار احمد (روسلپ)، ماجد علی (ہیز)، محمد شناور (ہونسلو)، سہیل خان (ساؤتھ آل)، مدثر چوہدری (ہونسلو)، ملک ریاض (سلاؤ)، افضال شیخ (سلاؤ)، نعیم صدیقی (ہیز)، بابر رفیق (وگن)، افضال عباسی (ہیز)، خالق عباسی (ہیرو) شامل ہیں۔

## کراچی کی ترقی وخوشحالی حق پرست قیادت کی اولین ترجیح ہے،اراکین سندھ اسمبلی
## نیوکراچی ٹاؤن میں ساڑھے 37 کروڑ کی لاگت سے 5میگا پروجیکٹس کا خیرمقدم

کراچی۔۔۔30،مارچ2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست اراکین صوبائی اسمبلی نے سٹی ناظم اعلیٰ کراچی سید مصطفیٰ کمال کی جانب سے نیوکراچی ٹاؤن میں ساڑھے 37 کروڑ روپے کی لاگت سے 5میگا پروجیکٹس کا سنگ بنیاد رکھنے کا خیرمقدم کرتے ہوئے کہا ہے کہ کراچی کی ترقی وخوشحالی اورعوامی مسائل کا حل حق پرست قیادت کی اولین ترجیح ہے ۔اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ شہری حکومت کی حق پرست قیادت نے اپنے مختصر دور میں کراچی بھر میں بلاامتیاز وتفریق ترقیاتی منصوبے بنا کر نہ صرف کراچی کا نقشہ بدل دیا ہے بلکہ حق پرست قیادت کے عملی اقدامات کو ملک بھر کے عوام اپنی آنکھوں سے دیکھ رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ قائدتحریک جناب الطاف حسین کی تعلیمات کے مطابق سٹی ناظم کراچی سید مصطفیٰ کمال جس طرح دن رات شہریوں کے مسائل کے حل کیلئے ترقیاتی کام کروارہے ہیں وہ نہ صرف قابل تحسین ہیں بلکہ اس بات کا عملی ثبوت ہے کہ غریب ومتوسط طبقہ کی ایماندار قیادت کوموقع ملے تو وہ ملک وقوم کی قسمت بدلنے کی صلاحیت رکھتی ہے۔حق پرست ارکان سندھ اسمبلی نے نیوکراچی ٹاؤن میں پانچ میگا پراجیکٹس پر شہری حکومت کی حق پرست قیادت کوزبردست خراج تحسین بھی پیش کیا۔

## حامدرضا اسمبلی واقعہ کو مذہبی رنگ دے کر مذہبی منافرت پھیلانے کی پالیسی پر عمل پیرا ہیں،ایم کیوایم آزادکشمیر

مظفرآباد۔۔۔30،مارچ2008ء

متحدہ قومی موومنٹ آزادکشمیر کے جوائنٹ انچارج ملک تنویر،ضلع مظفرآباد کے آرگنائزرالطاف اعوان،ضلع نیلم کے آرگنائزرعبدالقیوم اورسابق امیدواراسمبلی ڈاکٹر ضیافت کاظمی نے آزادکشمیر کے وزیراوقاف حامدرضا کی جانب سے متحدہ قومی موومنٹ کے خلاف جھوٹ پر مبنی بیان بازی کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے۔اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ حامد رضا مذہبی لبادہ اوڑھ کرمسلسل جھوٹ بول رہے ہیں اور اسمبلی میں ایم کیوایم کے پارلیمانی لیڈر طاہر کھوکھر پرحکومتی وزراء کے تشدد پرشرمندگی اورافسوس کا اظہار کرنے کے بجائے اس واقعہ کو مذہبی رنگ دے کر مذہبی منافرت پھیلانے کی پالیسی پر عمل پیرا ہیں جس کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے۔انہوں نے کہا کہ جھوٹ بولنا برا عمل ہے اورحامدرضا کی طرح جھوٹ بول کراس پرڈٹ جانا اس سے بھی زیادہ براعمل ہے لیکن حامدرضا کومعلوم ہونا چاہئے کہ وہ جھوٹ کے سہارے اپنے مذموم عزائم میں کبھی کامیاب نہیں ہوسکتے۔انہوں نے کہا کہ عوام جان چکے ہیں کہ جولوگ اسمبلی کے اندر کرپشن کی نشاندہی پر ایک معزز رکن اسمبلی کووحشیانہ تشدد کا نشانہ بناسکتے ہیں وہ آزادکشمیر کے عوام سے کس طرح مخلص ہوسکتے ہیں۔ انہوں نے اس امر پرافسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ آئی جی پولیس حکومتی دباؤ کا شکار ہوکر اپنے فرائض سے غفلت برت رہے ہیں اورطاہر کھوکھر پرتشدد کا مقدمہ درج کرنے سے گریز کررہے ہیں لہٰذا ایم کیوایم کے نمائندے آزادکشمیر کی قانون ساز اسمبلی میں پیش آنے والے افسوسناک واقعہ کا مقدمہ درج کرانے کیلئے ہائی کورٹ سے رجوع کریں گے۔

☆☆☆☆☆